عینک فریمی

زبان میری ہے بات اُن کی

☆عید پر فاقے‘ چار بچوں کی ماں نے خودکشی کر لی۔(ایک خبر)

معاشی اصلاحات کے اثرات غریبوں تک پہنچنا شروع ہو گئے۔

☆پاسپورٹ میں ’’مذہب کا خانہ‘‘ بحال کیا جائے۔(آل پارٹیز ختم نبوت کانفرنس)

نکاح نامہ میں ’’طلاق کا خانہ‘‘ پُر کرنا لازمی قرار دے دیا گیا۔(پنجاب گورنمنٹ کا فیصلہ)

☆بگلیہار کے بعد‘ بھارت راوی پر بھی ڈیم بنائے گا۔(ایک خبر)

یک نہ شد دو شد!

☆انتہا پسند‘ پاکستان پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں۔(جنرل پرویز مشرف)

آپ سے بڑا انتہا پسند اور قابض کون ہو سکتا ہے۔

☆قائداعظم پاکستان کو جدید اور لبرل اسلامی ریاست بنانا چاہتے تھے۔(وفاقی وزیر تعلیم جاوید اشرف قاضی)

آپ کے بیانات اور اقدامات کو دیکھ کر نئی نسل میں قائداعظم کے بارے میں شکوک پیدا ہو سکتے ہیں۔

☆کسی کو اپنی رائے دوسروں پر مسلّط کرنے کا حق نہیں۔(پرویز مشرف)

سوائے حکمرانوں کے!

☆۳۳ ممالک کی فوجیں طالبان حملوں میں کمی نہیں کر سکیں۔(افغان وزیر دفاع)

جادو وہ جو سر چڑھ کر بولے!

☆امریکہ نے اسلامی دنیا کے لیے بہت کام کئے ہیں۔(کولن پاول)

خاص طور پر افغانستان اور عراق میں......اب ایران و پاکستان کے لیے بھی بہت کام ہو رہا ہے۔

☆وزیروں اور مشیروں کی تنخواہ میں ۱۵ فیصد اضافہ‘ چھ ماہ کے بقایا جات بھی ملیں گے۔(ایک خبر)

غربت کے خاتمے کے لیے ایک اور اقدام!

☆بش نے بے نظیر اور بیرسٹر سلطان کو ناشتے پر بلا لیا۔(ایک خبر)

اب کشمیر کا ناشتہ ہو گا۔

☆صدر مشرف میں مجھے بھٹو نظر آ رہا ہے۔(راؤ سکندر)

مجنوں نظر آتی ہے لیلیٰ نظر آتا ہے